فوری ریلیز کے لیے: 2024/5/2 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے مرکزی نیو یارک کے ساتویں راؤنڈ برائے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ پروگرام کے دوسرے راؤنڈ کے فاتحین کا اعلان کیا ہے

اروراکایوگا/ یونین اسپرنگز کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی جانب سے $10 ملین وصول ہوں گے؛ کیناسٹوٹا اور بریورٹن دونوں میں سے ہر ایک کو NY فارورڈ کی جانب سے $4.5 ملین وصول ہوں گے

ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کی سرمایہ کاریاں اقتصادی ترقی اور کمیونٹی کی ترقی کے لیے ریاست کی جامع حکمت عملی کا انتہائی اہم حصہ ہیں

نیو یارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو میں معاونت کرنے کے لیے $100 ملین کا نیا NY فارورڈ پروگرام، کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کی رفتار پر مبنی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ اروراکایوگا/یونین اسپرنگز کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے ساتویں راؤنڈ کے سلسلے میں نیو یارک سٹی کے علاقائی فاتح کے طور پر $10 ملین کی فنڈنگ ملے گی، اور اس کے ساتھ کیناسٹوٹا اور بریورٹن/ہیسٹنگز کو اس سال کے نیو یارک سٹی کے علاقے کے NY فارورڈ کے فاتح کے طور پر $4.5 ملین حاصل ہوں گے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے راؤنڈ 7 کے لیے، ریاست کے 10 اقتصادی ترقی والے علاقوں میں سے ہر ایک کو $10 ملین ایوارڈ کیے جا رہے ہیں، جس سے ریاست کی کل مختص شدہ فنڈنگ اور سرمایہ کاری $100 ملین ہو جائے گی تاکہ ڈاؤن ٹاؤنز کو پُررونق مضافاتی علاقوں میں تبدیل کرتے ہوئے اپنی معیشتوں کو فروغ دینے میں کمیونٹیز کی مدد کی جائے۔

ریاست کے کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کی رفتار کو مزید بڑھاتے ہوئے $100 ملین لاگت والا NY Forward پروگرام DRI ہی کی طرح "پہلے منصوبہ بندی پھر عمل" کی حکمت عملی اپنا رہا ہے، جس میں نیو یارک کی چھوٹی اور دیہی کمیونٹیز کے لیے ایک مزید منصفانہ ڈاؤن ٹاؤن بحالی میں معاونت کرنے کے لیے اسٹریٹیجک منصوبہ بندی کے ساتھ پروجیکٹ کا فوری طور پر نفاذ بھی شامل کیا گیا ہے۔

گورنر کی جانب سے گزشتہ سال ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ کے لیے $100 ملین کے وعدے کے ساتھ، ریاست ان دونوں پروگرامز کے آغاز سے اب تک ان میں مجموعی طور پر $1 بلین کی سرمایہ کاری کر چکی ہے۔ گورنر نے اپنے مالی سال 2025 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں ان میں سے ہر پروگرام کے لیے مزید $100 ملین، یعنی کل $200 ملین، کی تجویز پیش کی ہے۔

"ریاست نیو یارک کے اندرون شہر، ہماری کمیونٹیز کی زندگی کا لازمی جزو ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہمارے اندرون شہروں میں بہتری لانے اور ایک بہتر نیو یارک کی تعمیر کی جانب ہمارے عزم کی حمایت میں آج اعلان کردہ فنڈنگ سے دیرپا اثرات مرتب ہوں گے۔"

اروراکایوگا/ یونین اسپرنگز کے لیے $10 ملین کا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کا ایوارڈ

اروارا، کایوگا اور یونین اسپرنگز نے کایوگا جھیل کے ساتھ اپنے تین قریبی شہروں کو ایک جامع اور باہمی تعاون کرنے والی DRI درخواست میں یکجا کرنے کا اختراعی طریقہ اختیار کیا تھا — جس کا عنوان ہے، "کایوگا کاؤنٹی کی جھیل کنارے گاؤں کی نایاب راہداری" — جب ہر ایک نے پچھلے سال NY فارورڈ کے لیے انفرادی طور پر درخواست دی تھی۔ ان مشترکہ درخواستوں، اور نشاندہی کردہ پروجیکٹس سے، کایوگا جھیل کے شمال مشرقی جانب ایک باہم مربوط سیاحتی راہداری بنائی جائے گی، جبکہ ہر انفرادی کمیونٹی میں انتہائی مؤثر تبدیلیاں بھی کی جائیں گی۔ کایوگا کاؤنٹی منصوبہ سازی محکمے کی جانب سے معاونت اور اہم عوامی تعاون کے ساتھ جن پروجیکٹس کی نشاندہی کی گئی ہے، ان سے جھیل تک رسائی، پیدل چلنے کے قابل مضافاتی علاقوں، متنوع خوردہ فروشوں اور ملازمتوں کی تخلیق، ثقافتی اور تفریحی مواقع، رہائش اور رہائش کے ذریعے سیاحت اور کاروباری اہداف کو فروغ ملے گا۔ یہ تینوں گاؤں اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ کامیاب اور انقلابی تبدیلی والے احیائے نو اور ترقی کے حصول کے لیے اس خطے اور راہداری کو ہر سطح پر مسلسل تعاون کی ضرورت ہے۔

$10 ملین کی DRI گرانٹ میں سے $300,000 تک کے منصوبہ بندی والے فنڈز کے ساتھ اروارا/کایوگا/یونین اسپرنگز اپنے اندرون شہروں کے احیائے نو کے لیے ایک اسٹریٹجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کا عمل شروع کریں گے۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہو گی۔ اسٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لے گا تاکہ معاشی ترقی، ٹرانسپورٹیشن، ہاؤسنگ اور کمیونٹی کے ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو شہر کی بحالی کے لئے ہر کمیونٹی کے وژن سے مطابقت رکھتے ہوں اور عملدرآمد کے لئے تیار ہوں۔ یہ اسٹریٹجک سرمایہ کاری منصوبہ، احیائے نو کے پروجیکٹس میں DRI گرانٹ فنڈز کی سرمایہ کاری کی رہنمائی کرے گا جس کے نتیجے میں اس کے اندرون شہروں کے لیے کمیونٹی کے وژن میں پیش رفت کی جائے گی اور جو ریاست کی $10 ملین کی سرمایہ کاری کو بروئے کار لا سکتا ہے اور اس میں توسیع کر سکتا ہے۔ DRI کے ساتویں راؤنڈ کے لئے منصوبے 2024 میں مکمل ہو جائیں گے۔

کیناسٹوٹا اور بریورٹن کے لیے $4.5 ملین کے NY فارورڈ ایوارڈز

باکسنگ ہال آف فیم سے قربت اور ماضی کی سرمایہ کاریوں کے علاوہ، اپنے تاریخی گاؤں کے ساتھ، ولیج آف کیناسٹوٹا نے اس بات کا اظہار کیا ہے کہ وہ NY فارورڈ ایوارڈ کے ذریعے انقلابی تبدیلی والی ترقی کے لیے تیار ہے۔ یہ گاؤں بے شمار تفریحی مواقع پر فخر کرتا ہے، جن میں ٹریل کا ایک وسیع نظام بھی شامل ہے جو امپائر اسٹیٹ ٹریل سمیت کئی دیگر ٹریلز کو آپس میں جوڑ دیتا ہے، جو وسطی نیو یارک میں کیناسٹوٹا کو پیدل چلنے کے قابل اور بیرونی تفریح دوست کمیونٹیز میں سے ایک کے مقام پر فائز کرتا ہے۔ یہ گاؤں مثالی طور پر کئی کالجز، ایک تھرو وے ایگزٹ اور سیراکیوز اور یوٹیکا میٹروپولیٹن مارکیٹوں کے قریب واقع ہے۔ جن NY فارورڈ پروجیکٹس کی نشاندہی کی گئی ہے وہ ان اثاثوں سے فائدہ اٹھائیں گے اور گاؤں کی دیہی دلکش اور ایری کینال کی میراث کو چارچاند لگائیں گے۔

ہیملیٹ آف بریورٹن — جو کہ ہیسٹنگز اور سیسرو کے ٹاؤنز کے اندرون شہری آبی کناروں پر محیط ہے اور دریائے اونیڈا کے دونوں کناروں پر پھیلا ہوا ہے — اس کی جانب سے دونوں ٹاؤنز کو ایک دوسرے کے ساتھ لانے کے موقع سے فائدہ اُٹھایا گیا ہے تاکہ ایک مشترکہ، باہمی تعاون یافتہ درخواست پر تعاون کیا جائے، جب کہ ان میں سے ہر ایک نے گزشتہ سال کی درخواستیں علیحدہ طور پر جمع کروائی تھیں۔ مائیکرون سیمی کنڈکٹر کی سائٹ سے ان دونوں کمیونٹیز کی قربت کے پیش نظر، NY فارورڈ کی سرمایہ کاری کو بامقصد، اسٹریٹجک اور باہمی تعاون پر مبنی منصوبہ بندی اور ترقی کی جانب پہلا قدم سمجھا جا رہا ہے تاکہ نئے رہائشیوں، آمد کنندگان اور کاروباری اداروں کا خیرمقدم کرتے ہوئے آئندہ سالوں میں مائیکرون کی جانب سے پیش کردہ مواقع اور چیلنجز دیکھے جا سکیں۔ "گیٹ وے ٹو اونیڈا جھیل" کے نام سے معروف، بریورٹن کی جانب سے پانی سے متعلقہ تفریحی مواقع کی دولت پیش کی جاتی ہے۔ جن پروجیکٹس کی نشاندہی کی گئی ہے ان کے نتیجے میں سڑکوں پر پیدل چلنے کی صلاحیت اور آبی کناروں کے درمیان رابطے میں اضافہ ہو گا، اس طرح ریسٹورنٹس، پارکس، تفریح، پیڈلنگ اور پارکس تک رسائی میں بہتری آئے گی۔ عوامی بہتری کے ان کاموں سے مستقبل میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کی بنیاد ڈالی جائے گی جو مزید کاروباری اداروں اور تقریبات کو اندرون شہر کی جانب متوجہ کریں گے اور ایسے علاقے میں اسمارٹ گروتھ کی مزید ترقی کو فروغ ملے گا جہاں مائیکرون کی وجہ سے طلب میں تیزی آئے گی۔

کیناسٹوٹا اور بریورٹن/ہیسٹگنز اب اپنے اندرون شہروں کی بحالی کے لیے ایک اسٹریٹجک سرمایہ کاری منصوبہ تیار کرنے کا عمل شروع کریں گے۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی رہنماؤں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی اس مہم کی قیادت کرے گی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم کی مدد و معاونت بھی حاصل ہو گی۔ تزویراتی سرمایہ کاری کا منصوبہ مقامی اثاثوں اور مواقع کی جانچ کرے گا تاکہ ایسے منصوبوں کی نشاندہی کی جا سکے جو ہر علاقے کے نظریے کے مطابق ہوں اور جو عمل درآمد کے لیے تیار ہوں۔ تزویراتی سرمایہ کاری کے منصوبے کی جانب سے منتخب کردہ منصوبوں کے لیے فنڈنگ عطا کی جائے گی جس کے پاس احیائے نو کے فوری آغاز اور طویل مدتی ترقی کے نئے مواقع تخلیق کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے۔

نیو یارک کے ریاستی سیکرٹری Robert J. Rodriguez نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ کی طرف سے فراہم کردہ تعاون، اور اپنے اندرون شہروں کو ایک روشن اور متاثر کن حقیقت بنانے کے لیے مل کر کام کرنے والے کمیونٹی کے ارکان کی لگن کی بدولت، ہمارے انمول اندرون شہر ایک بار پھر توانائی، ولولہ انگیزی اور تازگی سے سرشار ہیں۔ ان پروگرامز سے احیائے نو کی ایک لہر نے جنم لیا ہے جو ریاست بھر میں پھیل رہی ہے، اور اس کے ساتھ معاشی مواقع، معیار زندگی، صحت، سیاحت، سماجی و اقتصادی مساوات اور کمیونٹی میں پائیداری کی صلاحیت میں بہتری آ رہی ہے۔"

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "یہ ہدف شدہ، دوراندیش سوچ والے منصوبے اپنے دائرۂ کار میں بہت وسعت کے حامل ہیں اور یہ اپنے دلکش گاؤں کے تاریخی ماضی اور اس کے امید افزا مستقبل سے بھرپور مستفید ہوں گے۔ DRI اور NY فارورڈ کی فنڈنگ ایوارڈز، ان شعبوں میں معاشی ترقی کی کوششوں کو مزید متحرک کرنے کے لیے کام کریں گے جن سے مواقع میں توسیع ہو گی اور آئندہ برسوں تک آمدکنندگان راغب ہوں گے۔"

ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "کیناسٹوٹا، بریورٹن، اور اروراکیوگا/یونین اسپرنگز کے لیے آج کے ایوارڈز سے کمیونٹی کے موجودہ اثاثوں میں مزید ترقی لائی جائے گی اور مرکزی نیو یارک کے علاقے کو تفریحی مقام اور رہنے اور کام کرنے کے لیے ایک بہترین جگہ کے طور پر ترقی کرنے میں مدد ملے گی۔ ان مستحق میونسپلٹیز میں ریاست کی سرمایہ کاری سے کاروباری ترقی، توسیع پذیر افرادی قوت کی مدد کے لیے رہائش کے نئے مواقع، اور مزید پیدل چلنے کے قابل اندرون شہروں والے ڈسٹرکٹس کی حوصلہ افزائی ہو گی۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ کے ذریعے، گورنر Hochul کی جانب سے نیو یارک کے مضافاتی علاقے متحرک کیے جا رہے ہیں اور نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے ایک زیادہ مضبوط، محفوظ تر، اور زیادہ ارزاں مستقبل تخلیق کیا جا رہا ہے۔"

ریاست نیو یارک کینال کارپوریشن کے ڈائریکٹر Brian U. Stratton نے کہا، "1825 میں افتتاح کے بعد سے، ایری کینال نے پورے نیو یارک میں کیناسٹوٹا کے گاؤں اور ہیملیٹ آف بریورٹن سمیت نہری کنارے پر واقع سینکڑوں کمیونٹیز کی ترقی اور مسلسل خوشحالی میں معاونت کی ہے۔ جیسا کہ ہم 2025 میں ایری کینال کی دو صد سالہ تقریب منانے کی تیاری کر رہے ہیں اور نہر کے فعال ہونے کی تیسری صدی مکمل ہونے کے منتظر ہیں، تو NY فارورڈ پروگرام کے ذریعے کی جانے والی اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں، ان کمیونٹیز کے لیے ممکن بناتی ہیں کہ اپنی خصوصی تاریخ سے فائدہ اٹھائیں، آبی کنارے اور ٹریل تک رسائی کو بہتر بناتی ہیں تاکہ رہائشیوں کی اگلی نسل کو رہنے، کام کرنے اور تفریح کے لیے ایک بہترین جگہ فراہم کی جائے۔"

ریاستی سینیٹر Rachel May نے کہا، "یہ خوش آئند خبر ہے کہ مرکزی نیو یارک میں متعدد قصبوں کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ سے فنڈ وصول کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ ملازمتیں پیدا کرتے ہوئے، رہائشیوں کو برقرار رکھتے ہوئے، کاروباری مواقع بہتر بناتے ہوئے اور پیدل چلنے اور سائیکل تک رسائی کو بہتر بناتے ہوئے، یہ سرمایہ کاریاں ان قصبوں کے مرکز کو پھر سے تقویت بخشیں گی اور ہر کسی کے لیے معیار زندگی بہتر بنائیں گی۔ اس پروجیکٹ پر آپ کے کام اور مرکزی نیو یارک کی مسلسل حمایت پر گورنر Hochul اور امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کا بہت شکریہ۔"

ریاستی سینیٹر John W. Mannion نے کہا، "میں نے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ پروگرامز کی مسلسل حمایت کی ہے اور مجھے دسیوں ملین ڈالر کی اچھی طرح منصوبہ بندی والی سرمایہ کاری پر فخر ہے جو انہوں نے 50ویں سینیٹ ڈسٹرکٹ اور پورے مرکزی نیو یارک میں فراہم کی ہے۔ میں ہیسٹنگز اور سیسرو کے مقامی رہنماؤں کے سوچے سمجھے تعاون کی تعریف کرتا ہوں – جن کی مائیکرون سائٹ سے قریب محلِ وقوع کے لیے فوری منصوبہ بندی درکار ہے تاکہ خاص طور پر ان کے دریائے اونیڈا کے آبی کنارے کے ساتھ، اسمارٹ ترقی اور زندگی کے معیار میں بہتری لائی جائے۔ ہمارے علاقے کے ساتھ دیرینہ وابستگی اور ایک زیادہ متحرک اور خوشحال نیو یارک کی تعمیر میں، گورنر Kathy Hochul کے وژن اور شراکت داری پر میں ان کا شکر گزار ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Joseph Griffo نے کہا، "ایک سابق میئر کے طور پر، میں ان چیلنجز کا ادراک رکھتا ہوں جن کا ریاست بھر میں مقامی حکومتوں کو سامنا ہے۔ یہ فنڈنگ کیناسٹوٹا کمیونٹی کو ترقی اور استحکام بخشے گی اور اسے ایک روشن و تاباں اور پُرعزم مستقبل کے حصول میں مدد دے گی۔"

رکن اسمبلی Brian Miller نے کہا، "میں یہ دیکھ کر بہت پُرجوش ہوں کہ NY فارورڈ پروگرام میں اپنی کامیاب درخواست دینے پر ولیج آف کیناسٹوٹا کو $4.5 ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ فنڈنگ کے دوسرے راؤنڈ کے سلسلے میں آج کا اعلان ایک کایا پلٹ قدم ہے، جو تمام رہائشیوں کے لیے معاشی، تفریحی، اور مجموعی معیار زندگی کو بڑھاتے ہوئے ایک متحرک کمیونٹی کے لیے ان کی لگن کو تقویت دیتا ہے۔ وہ تیار ہیں کہ گاؤں کی تاریخی ایری کینال کی دلکشی برقرار رکھتے ہوئے یہ کام انجام دے سکیں۔ ان میونسپلٹیز کے رہائشیوں کی جانب سے اپنی کمیونٹی کو مضبوط بنانے کی خاطر اہم فنڈز کی انتھک کوشش پر ان میونسپلٹیز کو داد و تحسین۔ گورنر Kathy Hochul کا، اور اس کام میں شامل ہر اس شخص کا شکریہ جنہوں نے اس فنڈنگ کو ممکن بنایا۔"

رکن اسمبلی Will Barclay نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اور NY فارورڈ پروگرام کے ذریعے ہیملیٹ آف بریورٹن سمیت، مرکزی نیو یارک کی کمیونٹیز میں کی گئی یہ سرمایہ کاریاں معاشی ترقی کو فروغ دینے اور دیرپا مثبت تبدیلی پیدا کرنے کے لیے ریاست کے عزم کو اجاگر کرتی ہیں۔ بالائی ریاست کے چھوٹے علاقوں کو تبدیل کرنے، دوبارہ ترقی کو فروغ دینے اور مزید بہت کچھ کے لیے یہ تعاون اہم ہے۔ میں ہر اس شخص کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس انقلابی تبدیلی کی کوشش کو متحرک کرنے کے لیے کام کیا اور میں اُن اثرات کو دیکھنے کے لیے منتظر ہوں کہ جو اس سرمایہ کاری سے ہماری مقامی کمیونٹیز پر مرتب ہوں گے۔"

رکن اسمبلی Jeff Gallahan نے کہا، "کایوگا، اروارا اور یونین اسپرنگز کے گاؤں، ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو ایوارڈ کے از حد مستحق ہیں۔ وہ مل کر اس قابل ہو جائیں گے کہ تجارتی سرگرمیوں، تفریح اور سیاحت کے لیے ایک علاقائی مرکز کے طور پر خود اپنے آپ کو منوا سکیں۔ یہ فنڈنگ ان تینوں دیہاتوں کو وہ وسائل مہیا کرے گی جو کہ اپنی تاریخ اپناتے ہوئے، اپنی کمیونٹی کے لیے ایک مرکز کے طور پر کام کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔ یہ ایوارڈ حاصل کرنے کی اس کامیاب کوشش میں مقامی قیادت کی ٹیم کے وژن پر میں انہیں سراہتا ہوں اور اس کام کا منتظر ہوں جو ان کمیونٹیز کے روشن مستقبل کے لیے ابھی کرنا باقی ہے۔"

سیسرو ٹاؤن کے سپروائزر Mike Aregano نے کہا، "دو قصبوں کے طور پر متحد، پھر بھی ایک کمیونٹی کے ذریعے جڑے ہوئے، ٹاؤن آف سیسرو اور ٹاؤن آف ہیسٹنگز بالکل تیار ہیں کہ ہماری آبی کنارے کی اس کمیونٹی میں نئی زندگی آغاز کیا جائے۔ باہم مل کر، ہم ایک خوش آئند پناہ گاہ بنانے کی خواہش رکھتے ہیں جسے ہر فرد فخر سے اپنا گھر کہہ سکے۔"

کایوگا کے میئر Don Wilson, Jr. نے کہا، "یہ کایوگا گاؤں کے لیے سب سے بڑے مواقع میں سے ایک موقع ہے۔ اس گاؤں کے محنتی متوسط طبقے کے لوگ اس سرمایہ کاری کے ہر جزو کے مستحق ہیں، اور ہم اس موقع کو ضائع نہیں ہونے دیں گے۔"

یونین اسپرنگز کے میئر Robert Thurston Jr. نے کہا، "ولیج آف یونین اسپرنگز خواہش مند ہے کہ گورنر Kathy Hochul کے لیے اپنی احسان مندی اور تعریف کا اظہار کرے۔ آج ایک ایسا لمحہ ہو گا جسے کمیونٹی کبھی نہیں بھولے گی اور ہم پر اور ساتھ ہی ہمارے پڑوسیوں، یعنی کایوگا اور اورا کے گاؤں پر اس لمحے کے دیرپا

اثرات مرتب ہوں گے۔ یہ پروگرام ولیج آف یونین اسپرنگز کے رہائشیوں، کاروباری اداروں اور شراکت داروں کے علاوہ اس ولیج کو سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرے گا اور اندرون شہر کے اس ڈسٹرکٹ کو مزید ترقی کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ مجھے اپنے گاؤں کی ترقی کرنے کے عزم اور ہمیں حاصل شدہ مسلسل حمایت پر فخر ہے، جیسا کہ ہم نے اس شاندار موقعے کے لیے منصوبہ بندی کی ہے۔ ہم بحیثیت کمیونٹی پُرجوش ہیں اور کام کا آغاز کرنے اور اپنی کمیونٹیز کے خواب پورے کرنے کے لیے تیار ہیں!"

مرکزی نیو یارک کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل نے پورے خطے کی کمیونٹیز کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کا مکمل اور مسابقتی جائزہ لیا تھا اور ان کمیونٹیز کی بطور نامزدگی سفارش کرنے سے پہلے ذیل کے تمام معیارات پر غور کیا گیا تھا:

- ڈاؤن ٹاؤن کو واضح متعین کردہ حدود کے ساتھ مختصر اور مستحکم ہونا چاہیئے؛
- ڈاؤن ٹاؤن مضافات اور اپنے اردگرد کے علاقوں میں پہلے والی یا آئندہ آنے والی نجی اور عوامی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے قابل ہے؛
- ڈاون ٹاؤن کے اندر، یا اس کے قریب ملازمت میں حالیہ یا آنے والی ترقی ہونی چاہیے جو کارکنوں کو شہر کی طرف راغب کر سکے، دوبارہ ترقی میں مدد دے اور ترقی کو پائیدار بنا سکے؛
- عمر، آمدنی، جنس، شناخت، قابلیت، نقل و حرکت اور ثقافتی پس منظر کی تمام متنوع آبادیوں کے لیے شہر کا مرکز ایک پُرکشش اور قابلِ رہائش علاقہ ہونا چاہیے؛
- بلدیہ کو پہلے سے ہی ایسی پالیسیوں کو اختیار کرنا چاہیے یا اس کے پاس ایسی پالیسیاں بنانے اور ان پر عمل درآمد کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے جو معیارِ زندگی اور زندگی میں اضافہ کریں؛
- بلدیہ کو چاہیئے تھا کہ کمیونٹی کی مشغولیت کا ایک کھلا اور مضبوط عمل انجام دے جس کے نتیجے میں شہر کے مرکز میں احیائے نو کے لیے ایک تصور اور منصوبوں اور اقدامات کی ابتدائی فہرست تیار ہو سکتی ہے جو حکمتِ عملی سے سرمایہ کاری کرنے کے منصوبے میں شامل کیے جا سکتی ہے؛
- میونسپلٹی انقلابی تبدیلی لانے والے ایسے پروجیکٹس کی نشاندہی کر چکی ہے جو DRI اور NY Forward فنڈز کو شامل کرنے کے ذریعے قریب المیعاد پروجیکٹس کے عمل درآمد کے لیے پہلے سے تیار ہو جائیں گے؛ اور
- بلدیہ کے پاس منصوبوں کی منصوبہ بندی کے عمل اور ان پر عمل درآمد کا نظم کرنے کی مقامی صلاحیت موجود ہے، اس میں بلدیہ کے تفویض کردہ منصوبوں کے معاہدوں کی نگرانی کرنے کی صلاحیت شامل ہے۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے بارے میں
ریاست کے تمام دس علاقوں کے ڈاؤن ٹاؤنز اور مضافات میں احیائے نو کے عمل کو تیزتر کرنے اور اس میں توسیع کرنے کی غرض سے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام 2016 میں ترتیب دیا گیا تھا تاکہ وہ سرگرمی کے مراکز اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے والے عوامل کی صورت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔

پروگرام کے پہلے چھ سالوں میں، ریاست نے ان 69 ڈاؤن ٹاؤنز میں $700 ملین کا وعدہ کیا تھا جو کہ احیائے نو کے لیے تیار ہو چکے ہیں اور ریاست میں دوبارہ ترقی، کاروبار، روزگار کی تخلیق اور اقتصادی اور رہائشی تنوع اور مواقع کے لیے مقناطیس بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ شرکت کرنے والی کمیونٹیز کو ریاست کی 10 علاقائی ترقیاتی کاؤنسلز کی جانب سے نامزد کیا گیا ہے جس کی بنیاد اندرون شہر کے تبدیلی کے امکان پر ہے۔ ہر کمیونٹی کو شہر میں اسٹریٹجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرنے اور کلیدی محرک منصوبوں کو نافذ کرنے کے لئے $10

ملین دیے جاتے ہیں جو کمیونٹی کی بحالی کے وژن کو آگے بڑھاتے ہیں اور اضافی نجی اور عوامی سرمایہ کاری سے استفادہ کرتے ہیں۔ DRI کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہے۔

NY فارورڈ پروگرام کے متعلق
NY فارورڈ ریاست کی اقتصادی ترقیاتی پالیسی کا ایک کلیدی جزو ہے۔ یہ پروگرام DRI کے ساتھ مل کر پوری ریاست میں چھوٹے اور دیہی علاقوں کے احیائے نو میں تیزی لانے اور وسعت دینے کے لیے کام کرتا ہے تاکہ تمام کمیونٹیز اپنے حجم، کردار، ضروریات اور چیلنجز سے قطع نظر ریاست کی بحالی والی کوششوں سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ان دونوں پروگراموں سے ریاست کے ہر خطے میں پُررونق اندرون شہروں کا ایک اہم مجموعہ تشکیل دیا جا رہا ہے جن سے معاشی ترقی، معیار زندگی اور سماجی و اقتصادی تنوع میں اضافہ ہو رہا ہے۔

ایوارڈ ملنے کے بعد، NY Forward کمیونٹیز کو ایک ماہر منصوبہ بندی کنسلٹنٹ اور ریاستی ایجنسی کے ماہرین کی ٹیم کی معاونت حاصل ہوتی ہے جس کی قیادت DOS کرتا ہے تاکہ ایک اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کیا جا سکے جس میں انقلابی تبدیلیاں لانے والے، تکمیل اور معاونت کرنے والے، اور آسانی سے قابل عمل پروجیکٹس کا مجموعہ شامل ہو۔ NY فارورڈ پروجیکٹس کو ہر کمیونٹی کے حجم کے مطابق مناسب پیمانے پر تیار کیا جاتا ہے؛ ان پروجیکٹس میں عمارات کی تزئین و آرائش اور تعمیرِ نو، نئے یا مزید بہتر عوامی مقامات کی تعمیرِ نو یا تخلیق، اور ایسے دیگر پروجیکٹس شامل ہو سکتے ہیں جو مخصوص ثقافتی، تاریخی خصوصیات کو اجاگر کرتے ہوں اور چھوٹے قصبوں کی کشش میں مزید اضافہ کرتے ہوں جو کہ ان میونسپلٹیز کا خصوصی وصف ہوں۔

اسٹریٹجک سرمایہ کاری کے منصوبے ایک مقامی منصوبہ بندی کمیٹی کے ذریعے چلائے جاتے ہیں، جو کمیونٹی کی وسیع رسائی اور شمولیت کا اہتمام کرتی ہے۔ محکمۂ خارجہ، وسیع تکنیکی امداد اور صلاحیت سازی کے ویبینارز بھی فراہم کرتا ہے — جس میں عملہ، ماہرین اور DRI کمیونٹیز کے ہم عصر افراد شامل ہیں — جو کہ ان کمیونٹیز کی معاونت کے لیے تیار ہو چکے ہیں جن کے پاس بڑی، زیادہ شہری کمیونٹیز کی نسبت کم وسائل اور صلاحیت موجود ہے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں